# Code No. 1506

**CLASS : 11th (Eleventh)** **Series : 11-April/2021**

***Roll No.*** ☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐

## اردو

## URDU

(Only for Fresh/School Candidates)

*Time allowed :* ***2.30*** *hours ]* *[ Maximum Marks :* ***80***

- *कृपया जाँच कर लें कि इस प्रश्न-पत्र में मुद्रित पृष्ठ* ***8*** *तथा प्रश्न* ***12*** *हैं।*
- *प्रश्न-पत्र में सबसे ऊपर दिये गये* ***कोड नम्बर*** *को छात्र उत्तर-पुस्तिका के मुख्य-पृष्ठ पर लिखें।*
- *कृपया प्रश्न का उत्तर लिखना शुरू करने से पहले, प्रश्न का क्रमांक अवश्य लिखें।*
- *उत्तर-पुस्तिका के बीच में खाली पन्ना/पन्ने न छोड़ें।*
- *उत्तर-पुस्तिका के अतिरिक्त कोई अन्य शीट नहीं मिलेगी। अतः आवश्यकतानुसार ही लिखें और लिखा उत्तर न काटें।*
- *परीक्षार्थी अपना रोल नं० प्रश्न-पत्र पर अवश्य लिखें।*
- *कृपया प्रश्नों के उत्तर देने से पूर्व यह सुनिश्चित कर लें कि प्रश्न-पत्र पूर्ण व सही है,* ***परीक्षा के उपरान्त इस सम्बन्ध में कोई भी दावा स्वीकार नहीं किया जायेगा।***

نوٹ : سبھی سوال لازمی ہیں۔

**1.** درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق نیچے دئے گئے سوالوں کے جواب لکھئے : 5

میں جب واگھہ کے راستے 8 فروری 1980 کو ریل کے ذریعہ لاہور کی طرف بڑھ رہا تھا تو میرے دل میں کئی طرح کے سوال تھے۔ میں وہاں کیوں جا رہا ہوں ؟ میرا تو اب کوئی سگا سمبندھی بھی نہیں ہے۔ پاکستان سرکار نے 1978 میں ایک بار میری ویزا کی درخواست مسترد کر دی تھی۔ اب دوسری بار پاکستانی سفارت خانہ کے پریس کونسلر نے مجھے ویزا دلوا دیا کہ موجودہ حکومت پاکستان دونوں طرف کے عوام میں محبت کو بڑھاوا دینی چاہتی ہے۔ اب میں اپنے قلم کے رشتے داروں سے ملنے کے لئے وہاں جا رہا ہوں۔ جن کی مجھے اکثر کتابیں ملتی رہتی ہیں۔ کئی قلم کاروں نے مجھے یہاں آنے کی دعوت دی ہے۔ میں میانوالی میں پیدا ہوا تھا۔

(i) مندرجہ بالا عبارت کے سبق کا نام لکھئے۔

(ii) اس سبق کے مصنف کا نام لکھئے۔

(iii) پاکستان سرکار نے مصنف کی ویزا کی درخواست کب مسترد کر دی۔

(iv) رام لعل کے اجداد کا تعلق کہاں سے تھا ؟

(v) مصنف کہاں پر پیدا ہوئے تھے ؟

**2.** درج ذیل عبارت کو سیاق وسباق کے ساتھ بیان کیجئے : 5

اس کے بعد احمد جمال پاشا لکھتے ہیں کہ ایم۔ اے کرنے کے دوران کلیم الدین کو پڑھا۔ انہوں نے ناقدین کی ایک پیروڈی 'کپور کافن' کے عنوان سے لکھی تھی۔ اس میں کلیم الدین احمد کے اندازِ بیان کا بھی چربہ اُڑایا تھا جو بے حد پسند کیا گیا۔ احمد جمال پاشا لکھنؤ چھوڑ کر سیوان چلے گئے تو وہاں وہ اکثر پٹنہ جاتے اور کلیم الدین احمد سے ملاقات کرتے۔ دوران ملاقات کئی بار انہوں نے احمد جمال پاشا کے مضامین کی داد دی اور اگر ان کے پاس کوئی کتاب یا رسالہ ہوتا اور پاشا اُن سے طلب کرتے تو وہ فوراً انہیں دے دیتے۔ کلیم الدین احمد جمال پاشا کی خاکہ نگاری کو بھی سراہا۔ احمد جمال پاشا نے کلیم الدین احمد کے خاکے میں ان کی شخصیت کو جس طرح دیکھا اور پرکھا انہیں دلچسپ انداز میں بیان کیا ہے۔

**3.** مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجئے : 2.5 x 2 = 5

(a) اب بھاگتے ہیں سایۂ عشقِ بتاں سے ہم
کچھ دل سے ہیں ڈرے ہوئے کچھ آسماں سے ہم

(b) لذت ترے کلام میں آئی کہاں سے یہ
پوچھیں گے جا کے حالؔی جادو بیاں سے ہم

**4.** درج ذیل میں سے کوئی آٹھ مُشکل الفاظ کے معنی لکھئے : 8

(i) مہذب۔
(ii) سکوت۔
(iii) درخشاں۔
(iv) شانہ۔
(v) اقبال کرنا۔
(vi) دفعتاً۔
(vii) فتنے جگانا۔
(viii) موہنی۔
(ix) خاطر خواہ۔
(x) پیر کا دن۔
(xi) غنچہ۔
(xii) حیوان۔

**5.** (a) مندرجہ ذیل میں سے کوئی تین کے مذکر اور مونث لکھئے : 3

(i) اماں

(ii) والد

(iii) چڑا

(iv) بہن

(v) شیر

(vi) بندر

(vii) ہرن

(b) نیچے لکھے ہوئے لفظوں میں سے کسی تین کے واحد کے جمع اور جمع کے واحد بنایئے : 3

(i) باغ

(ii) تعلیم

(iii) قوم

(iv) لفظ

(v) قلم

**6.** مندرجہ ذیل محاوروں اور کہاوتوں میں سے کسی تین کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے : 3

(i) سبز باغ دکھانا۔

(ii) دن میں تارے نظر آنا۔

(iii) اونچی دکان پھیکا پکوان۔

(iv) خون سفید ہونا۔

(v) اپنا اُلّو سیدھا کرنا۔

**7.** درج ذیل لفظوں کی مدد سے پیراگراف کی خالی جگہوں کو پُر کیجئے : 19

((i) ہماری (ii) شہر (iii) قریب (iv) صبح (v) ذرا (vi) حضرت (vii) دن (viii) دروازے (ix) مُکّے بازی (x) دیر (xi) جاگیں (xii) گولہ باری (xiii) گلاس (xiv) کمرے (xv) فکر (xvi) چوبی دیواریں (xvii) بھوکے (xviii) خواب (xix) پڑوسی (xx) موت )

گیدڑ کی ـــــ آتی ہے تو ـــــ کی طرف بھاگتا ہے۔ ـــــ جو شامت آئی تو ایک دن ـــــ برہم چاری سے بہ سبیل تذکرہ ـــــ کہ لالہ جی! امتحان کے دن ـــــ آتے جاتے ہیں۔ آپ سحر خیز ہیں، ـــــ ہمیں بھی ـــــ جگا دیجئے گا۔ وہ ـــــ بھی معلوم ہوتا ہے ـــــ بیٹھے تھے دُوسرے ـــــ اُٹھتے ہی انہوں نے ہمارے ـــــ پر ـــــ بازی شروع کردی۔ کچھ ـــــ تو ہم سمجھے کہ ـــــ ہے ابھی سے کیا ـــــ کرنا، جب ـــــ گے لاحول پڑھ لیں گے۔ لیکن ـــــ لمحہ بہ لمحہ تیز ہوتی گئی اور صاحب، جب ـــــ کی ـــــ لرزنے لگیں، صراحی پر رکھا ہوا ـــــ جل ترنگ کی طرح بجنے لگا۔

**8.** (i) کبریٰ کے لئے رشتے نہ آنے کی وجہ کیا تھی ؟ 9

(1) کیونکہ وہ غریب تھی۔

(2) کیونکہ وہ بدصورت ہے۔

(3) کیونکہ وہ بوڑھی تھی۔

(ii) چوتھی کا جوڑا سے کیا مُراد ہے ؟

(iii) تن بدن میں آگ لگنا۔

(iv) لالہ جی نے مصنف کو جگانے میں کس پہلوانی کا اظہار کیا ؟

(v) مصنف نے امتحان کی تیاری کے لئے صبح سویرے اُٹھنے کا مسئلہ کس طرح حل کیا ہے ؟

(vi) ''سویرے جو کل آنکھ میری کُھلی'' کے مصنف کا نام لکھئے۔

(1) رتن ناتھ سرشار

(2) حالیؔ

(3) پطرس بخاری

**9.** مخدوم کی نظم 'چاند تاروں کا بن' آزادی سے پہلے کی کیا تصویر پیش کرتی ہے ؟ 5

**(یا)**

نظیر اکبرآبادی کی نظم 'روٹی نامہ' میں روٹی کے لئے آدمی کیا کیا جتن کرتا ہے ؟

**10.** فیس معافی کے لئے اپنے پرنسپل کو ایک درخواست لکھئے جس میں نویں کلاس میں اوّل آنے پر فیس معاف کی جائے۔ 5

**(یا)**

مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے :

(i) مثالی اُستاد۔

(ii) دیوالی یا عید کا تہوار۔

(iii) کوئی من پسند کھیل۔

**11.** سروری کے چہرے پر اطمنان کیوں تھا ؟ 3

(i) کیونکہ اس کی بیٹی کبریٰ کی شادی ہو رہی تھی۔

(ii) کیونکہ اسے یقین تھا کہ کبریٰ کفن تو ضرور پہنے گی۔

(iii) کیونکہ وہ پاگل ہوگئی تھی۔

**12.** (i) بلونت سنگھ کے اس افسانے لمحے کا ہیرو کون ہے ؟ 7

(ii) اس افسانے کا مرکزی خیال کیا ہے ؟

(iii) گیدڑ کی موت آتی ہے تو کدھر بھاگتا ہے ؟

(a) گاؤں کی طرف

(b) شہر کی طرف یا جنگل کی طرف۔

(iv) دوسرے دن اُٹھتے ہی اُنھوں نے دروازے پر مُکّے بازی شروع کردی۔ اُس کا نام کیا تھا ؟

(a) رام لعل۔

(b) کرپا شنکر جی یا کرپا کرشن جی۔

(v) لالہ جی نے مصنف کو جگانے میں کس پہلوانی کا اظہار کیا ؟

(vi) عصمت چغتائی کی ادبی زندگی کا آغاز کہاں سے ہوا ؟

(a) دہلی

(b) الہ آباد

(c) علی گڑھ

(vii) سروری کو کیا ارمان تھا ؟

(a) اپنی شادی کرنے کا

(b) اپنی بیٹی کبریٰ کی شادی کا

(c) نیا جوڑا ابنا کر رکھنے کا